© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبال

O تمام سیاستدانوں کے مفت ذہنی معائنہ اور علاج معالجے کی پیشکش! (سعید الٰہی سیکرٹری جنرل پی ایم اے پنجاب)
الیکشن کمیشن توجہ دے!

O امریکی پاسپورٹ رکھنے والے شخص کو غیر جانبدار حکومت کی آڑ میں پاکستان پر مسلط کر دیا گیا۔ (فضل الرحمن)
مولانا! یہ آپ کی بی جمہوریت کا تحفہ ہے۔ نظام قبول کیا ہے تو تحفہ بھی قبول کریں۔

O بے نظیر کے ہاتھ پر عوام کی نظر ہے۔ (کوثر نیازی)
اور کوثر کی نظر بے نظیر کے ہاتھ پر ہے۔

O سابق صدر اگر میری "مہم" چلائیں تو میری کامیابی یقینی ہے۔ (زاہد سرفراز)
"خان" بیمار ہے ورنہ مہم ضرور چلاتا۔

O انتخابات سے پھر وہی چہرے سامنے آئیں گے۔ (ساجد میر)
بات انتخابات کی نہیں۔ پیا کو خوش کرنے کی ہے۔

O وائیس میاں چنوں چلے گئے۔ (ایک خبر)
وائیں میاں۔ چنوں میں پھلیاں!

O مغربی تعلیم یافتہ اور سیکولر شخصیت محمد علی جناح کو مسلمانوں نے اسی لئے لیڈر تسلیم کیا کہ اُن کی زندگی روائتی تھی۔ (وارث میر)
"آدھی عورت" کے "لاوارث میر" کا آموختہ!

O ہمیں اقتدار میں آنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ (بے نظیر)

برسات میں آئے گا ساون کا مہینہ
ساجن کو منا لوں گی چوڑی کی چھنک سے

O اسلام میں زبانی طلاق کی کوئی حیثیت نہیں۔ (بیرسٹر اے جی چوہدری)
بیرسٹر صاحب! آپ کلمہ "زبانی" نہ پڑھیں تو مسلمان نہیں ہو سکتے۔

O سب متفق ہو جائیں تو میں نگران وزیر اعظم بننے کے لئے تیار ہوں۔ (اصغر خان)
آپ گھر بیٹھ جائیں۔ پوری قوم اس پر متفق ہے۔

میں

O محکمہ انکم ٹیکس ملتان کے سابق چپڑاسی اسلم شہاب کی گھی مل، ہوٹل، کاریں اور متعدد کوٹھیاں! (ایک خبر)
توبہ توبہ! افسروں کا کیا حال ہوگا!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



O ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی ہے مگر وقت آگیا ہے کہ اصول کے ساتھ کچھ "وصول" بھی ہو۔ (ساجد میر)

عبدالقدیر خاموش سے طریقے سیکھیں!

O ظلم اور دھاندلی کی سیاہ رات ختم ہو گئی۔ (قائم علی شاہ)

زلفوں اور پلکوں کی ٹھنڈی چھاؤں کا دور شروع ہے۔

کچھ تو یارو خدا خدا کر کے　　زور ٹوٹا ضیاء کے جادو کا
ہو گئی اب ختم آٹھویں ترمیم　　بے اثر ہو گا ڈنک بچھو کا

(قتیل شفائی

پوچھا آپ کی ذات ہے کیا؟　　"جی ہم ہوتے ہیں بدذات!"

(شفیل قتائی

O صدر استعفیٰ دے کر چار ماہ کی رخصت پر چلے گئے۔ (ایک خبر)

استعفیٰ اور رخصت۔　　بہت دیر کی مہرباں جاتے جاتے!

O ہمیں بنیاد پرست ہونے پر فخر ہے۔ (حمید گل)

اور

جنہیں فضول سمجھ کر بجھا دیا تم نے
وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہو گی

O کراچی کے بعض نرسری سکولوں میں بچوں کو جنسی تعلیم دی جا رہی ہے۔ (ایک خبر)

پھر دینا حیات اور سلطانہ گوہر ہی پیدا ہوں گی!

O "عنایت حسین بھٹی" ایک ۳۴ سالہ سکھ خاتون رو سندر پال سے شادی کر رہے ہیں۔ عورت کی پہلی شادی کا پانچ سالہ بچی ہے (ایک خبر)

O شادی شدہ خاتون مجلس سننے کا بہانہ کر کے آشنا کے ساتھ بھاگ گئی۔ (دوسری خبر)

کیا ان دونوں خبروں کے بین السطور کا کوئی تعلق واثق تو نہیں؟

O آٹا مزید مہنگا ہو گیا۔ ۲۰ کلو کا تھیلا اب ۱۸۷ روپے میں ملے گا۔ (ایک خبر)

۴۷ روپے من آٹا　　اور اس پر بھی ہے سناٹا

O شراب کے نشہ میں مدہوش کانسٹیبل کی میو ہسپتال میں بدتمیزی۔ (ایک خبر)

کوئی بعید نہیں کہ کل کلاں کوئی مدہوش ڈاکٹر تھانے میں جا کر بدتمیزی کرے!

O امریکہ ہمارے معاملات میں "ماما" نہ بنے۔ (مولانا اجمل خان)

کہ پاکستان میں [illegible] کافی ہے۔

© rasailojaraid.com